# گریٹر
# مانچسٹر

## گریٹر مانچسٹر بات کرنے کے دس مثبت اشارے

GREATER MANCHESTER
DOING THINGS DIFFERENTLY FOR OUR CHILDREN & YOUNG PEOPLE

گریٹر مانچسٹر (GM) بات کرنے کے دس مثبت اشارے میں خوش آمدید۔ بچوں کی بات چیت اور زبان کی اہلیت کو فروغ دینے اور ہمارے بچوں کو زندگی میں بہترین آغاز دینے میں مدد کیلئے ذیل میں کچھ سادہ نقاط ہیں۔

**1 جب میں اپنی ماں کے پیٹ میں ہوتا ہوں تو مجھے سنائی دیتا ہے۔ جب آپ میرے ساتھ بات کرتی ہیں یا مجھے گانا سناتی ہیں تو مجھے آپکی آواز سننا بہت اچھا لگتا ہے۔ مجھے آپکی پسندیدہ موسیقی سننا بھی بہت اچھا لگتا ہے۔**

- آپ کی آواز سے مجھے آپکو پہچاننے اور ہمارے درمیان میں انسیت بڑھانے میں مدد ملتی ہے۔ جن آوازوں اور موسیقی کو میں پہچانتا ہوں، وہ جب میں پیدا ہو چکا ہوں گا تو مجھے تسلی دیں گے۔

**2 جیسے ہی میں پیدا ہوتا ہوں تو مجھے گلے سے لگائیں تاکہ میں آپکو دیکھ سکوں اور مجھ سے بات کریں۔**

- جب آپ اونچے لہجے میں بات کرتی، گانا گاتی ہیں وہ مجھے پسند ہے۔ دنیا کے تمام لوگ اپنے بچوں کے ساتھ ایسے بات کرتے ہیں کیونکہ ہمیں سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔
- میں ابھی باتیں تو نہیں کر سکتا لیکن میں اپنے طریقے سے جواب دوں گا۔ جب آپ مجھ سے بات کریں تو میں شائد آپ کے چہرے کو غور سے دیکھوں، منہ ہلاؤں، شائد اپنی ٹانگیں اور بازو بھی ہلاؤں۔ ان سب کا مطلب ہے کہ میں آپ کے ساتھ انسیت بڑھا رہا ہوں۔

**3 میرے ساتھ ایسی چیزوں کے بارے میں بات کریں جس سے مجھے دلچسپی ہوگی یا مجھے بتائیں کہ آپکے خیال میں کیسا محسوس کر رہا ہوں۔**

- اگر میں کیسی ایک جگہ کو دیکھتا ہوں تو آپ اس کے بارے میں بات کیجئے۔ اس سے مجھے یہ پتہ چلتا ہے کہ آپ مجھے سمجھ رہے ہیں۔

**4 مجھے نظر انداز مت کیجئے**

- بالغ بات کرنے میں ماہر ہیں اور میں آپ سے سب کچھ سیکھتا ہوں۔
- اپنا فون نیچے رکھ دیں، ٹیلی ویژن بند کر دیجئے اور ہم گپ شپ کرتے ہیں۔
- جب خاموشی ہوتی ہے تو مجھے آپ کی آواز بخوبی آتی ہے۔ مجھے آپکو غور سے سننا اچھا لگتا ہے۔ اس سے مجھے ایک اچھا سننے والا اور ایک اچھا بات کرنے والا بننے میں مدد ملے گی۔

**5 جب ہم اکٹھے کھیلتے ہیں، گانا گاتے اور پڑھتے ہیں تو مجھے بہت پسند ہے۔**

- ہم کسی بھی چیز کے ساتھ کھیل سکتے ہیں، ضروری نہیں کہ وہ کھلونے ہی ہوں۔ ہم مل کر شکلیں بنا سکتے ہیں یا گتے کے ڈبے کے ساتھ کھیل سکتے ہیں۔
- جب میں کھیل رہا ہوں تو آپ میرے پیچھے لگیں۔ اس سے میں اپنی تخلیق کا استعمال کر سکتا ہوں۔
- سوال پوچھنے کے بجائے جو میں کر رہا ہوں، اسکے بارے میں بات کیجئے۔ جب آپ ایسا کریں گے تو میں زیادہ بات کروں گا۔
- مجھے کہانیاں پڑھ کر سنانے سے میں نئے الفاظ اور خیالات سیکھ سکوں گا۔ جب ہم کہانی کے صفحے پلٹتے وقت کہانی کے بارے میں بات کرتے ہیں تو مجھے بہت اچھا لگتا ہے۔ مجھے بھی تصویریں دیکھنے دیجئے۔

**6** **ہروقت مجھ سے بات کیجئے**

- جب ہم کھیل رہے ہوتے ہیں یا روزمرہ کے کام کررہے ہوتے ہیں جیسے شاپنگ، نہانا، شام کا کھانا، نیپی تبدیل کررہے تو مجھ سے بات کیجئے۔
- اگر آپ ایک ہی بات کو بار بار دہراتے ہیں تو کوئی بات نہیں کیونکہ میں اسی طرح سیکھتا ہوں۔

**7** **میرے ساتھ باتیں کریں**

- میرے ساتھ کوئی بات کریں اور مجھے ردعمل دینے کیلئے بہت ساوقت دیجئے۔
- ایک بات کر کے دوسری بات کرنے سے پہلے اپنے دل میں دس تک گنیں۔ اس طرح میں باری لینا سیکھوں گا۔
- جب میں چھوٹا بچہ ہوں تو مجھے باتیں پسند ہیں۔ میری مسکراہٹ، آواز اور نظر کا دھیان رکھیں۔ یہ آپ کے ساتھ میرا بات کرنے کا طریقہ ہے۔ میں جیسے بڑا ہوں گا میں الفاظ کا استعمال کرنا شروع کروں گا۔

**8** **مجھے نئے الفاظ سکھائیں**

- جو میں کہتا ہوں، اسے دہرا کر اور ایک دو اور لفظ ساتھ لگا کر بولیں تو آپ مجھے بڑھنے میں میری مدد کرسکتے ہیں۔
- میں اسی طرح الفاظ کو جوڑنا سیکھوں گا۔ اگر میں 'گاڑی' کہتا ہوں تو آپ کہہ سکتے ہیں کہ 'تم اپنی گاڑی کو دکھیل رہے ہو' نی۔ یا 'گاڑی چل رہی ہے'۔

**9** **جب میں بات کر رہا ہوں تو میرے منہ سے میری چوسنی نکال لیں**

- چوسنیاں رکاوٹ پیدا کرتی ہیں اور مجھے واضح طور پر بات کرنے سے روکتی ہے۔

**10** **میرے ساتھ گھر میں بات کرنے کیلئے آپکو جو زبان بہتر آتی ہے، اس میں بات کیجئے**

- اس سے میرے دماغ کو بڑھنے میں مدد ملے گی اور اگر مجھے اپنی گھر کی زبان میں لفظ پہلے آتے ہیں تو میں انگریزی جلدی سیکھوں گا۔